14 دسمبر 2022ء

نومبر 2022ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

1۔ نومبر 2022ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں 2.1 ارب ڈالر کی آمد ریکارڈ کی گئی۔

2۔ نومبر 2022ء کے دوران ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ بنیاد پر 4.8 فیصد اور سال بسال بنیاد پر 14.3 فیصد کی کمی ہوئی۔

3۔ جولائی تا نومبر مالی سال 23ء کے دوران مجموعی طور پر 12 ارب ڈالر آئے، اس طرح پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں ترسیلاتِ زر 9.6 فیصد کم ہوگئیں۔

4۔ نومبر 2022ء کے دوران زیادہ تر ترسیلاتِ زر سعودی عرب (498 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (377.8 ملین ڈالر)، برطانیہ (299.1 ملین ڈالر) اور امریکہ (229.4 ملین ڈالر) سے آئیں۔

***